ISLAMIC MASUMEEN SCHOOL

Of New England

115 Wood St, Hopkinton, MA

ISLAMIC STUDIES

LEVEL 9

URDU

Enrolled student loaner copy

تتلی
اردو

EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT,
SYSTEM & TRAINING

Butterfly

تتلی
اور دوست

اردو سلسلہ سال دوم

میں بھی اب تتلی کے دوستوں میں شامل ہوں

میرا نام ____________________ ہے۔

میں ____________ کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

Butterfly

دیباچہ

بہت ساری، مزے مزے کی، نظمیں اور کہانیاں۔

پھر ان کے ساتھ کرنے کی اچھی سی سرگرمیاں۔ واہ بھئی واہ!

مزہ ہی آجائے گا۔ اچھا پہلے کیا سننا ہے نظم یا کہانی؟ تو ٹھیک ہے

پہلے کہانی سن لیتے ہیں۔ کون سی؟ بادل والی؟

وہ تو آپ کو خود پڑھنے میں زیادہ مزہ آئے گا۔ تو پھر حضرت اسماعیل والی؟

ہاں ہاں! وہ تو قرآن سے لی گئی سچی کہانی ہے۔

اچھا تو یہ تو ہوگئی ایک پرانی مگر اسلامی کہانی، اب کوئی اچھی سی نظم پڑھتے ہیں۔

بھئی نظمیں تو ساری ہی مزے کی ہیں اور سرگرمیوں کی تو کیا ہی بات ہے۔

نظم، مضمون اور کہانی لکھنا آجاتا ہے۔ تو پھر سرگرمی کر لیتے ہیں۔

ہاں یہ ٹھیک ہے۔ لیکن ذرا ٹھہریں۔ پہلے ساری کتاب تو ایک نظر دیکھ لیں نا۔

Butterfly

فہرست

1. کتنے پیارے پیارے تیرے نام 1
2. سب کے ساتھ ساتھ 6
3. درخت بنا دوست 11
4. لمبی ہوگئی سونڈ 20
5. بادل 26
6. انوکھا جانور 33
7. ماشاءاللہ 40
8. میرا ساتھی، میرا دلبر 46
9. ڈبہ اچھا ہے 52
10. میں نے تو کچھ نہیں کیا! 58
11. شیرو اور میں 66
12. ٹپ ٹپ ٹپ 71

Butterfly

Butterfly

پیارے پیارے تیرے نام

میرے خدا ، اے میرے خدا
سب سے الگ تو، سب سے جدا

نام سے تیرے ہو میری صبح
تجھ سے ختم ہو دن بھی میرا

دن کو روشن، تو نے بنایا
چاند اور سورج کو چمکایا

ماں اور باپ کا پیار دیا ہے
بھائی ، بہن کا ساتھ دیا ہے

کوئی کرے نہ تجھ سا پیار
تو ہی رحمٰن تو ہی غفار

باپ نہ ماں نہ کوئی ساتھی
تو ہے اکیلا ، تو ہے کافی

پیارے پیارے تیرے نام
سب سے اعلیٰ تیرے کام

Butterfly

تفہیم

نظم ایک بار پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات کاپی میں لکھیے۔

☆ نظم میں کس کی تعریف کی گئی ہے؟

☆ نظم میں اللہ کے کتنے نام ہیں؟

Butterfly

خالی جگہ میں درست لفظ لکھیے۔

نام سے تیری ہو میری ______

تجھ سے ختم ہو ______ بھی میرا

پیارے پیارے تیرے ______

سب سے اعلیٰ تیرے ______

الفاظ سازی

حرف

اردو زبان میں 36 حروف ہیں۔ کچھ کی شکل ایک جیسی ہے اور کچھ کی الگ۔ ان کے جوڑے ہوتے ہیں یا خاندان۔ کچھ الفاظ بالکل الگ ہوتے ہیں۔

ان حروف کو اپنی کاپی میں اتاریے۔

ب کا خاندان = ب پ ت ٹ ث

ج کا خاندان = ج چ ح خ

د کا خاندان = د ڈ ذ

ر کا خاندان = ر ڑ ز ژ

جوڑے: س ش ، ص ض ، ط ظ ، ع غ ، ک گ ،

الگ حروف: ا ، ف ، ق ، ل ، م ، ن ، و ، ہ ، ی ، ے

Butterfly

ہم آواز

گرامر

نظم پڑھتے ہوئے ہم بہت سے ایسے الفاظ پڑھتے ہیں جن کی آواز ایک جیسی ہوتی ہے (آئے، لائے) (پہنا، مینا)۔ ان الفاظ کو ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔ یہ الفاظ نظم لکھنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

نظم پڑھیے اور دیے گئے ہم آواز الفاظ نظم سے ڈھونڈ کر لکھیے۔

جدا ______ بنایا ______ پیار ______ نام ______

دیے گئے الفاظ کے سامنے دو دو ہم آواز الفاظ اپنی کاپی میں لکھیے۔
ایک مثال دی جا رہی ہے۔

کالی: مالی جالی

گرم: ______ ______

پیلا: ______ ______

ایک: ______ ______

ہار ______ ______

Butterfly

تخلیقی لکھائی

حمد

اللہ تعالیٰ کی تعریف میں بہت سی نظمیں
لکھی گئیں ایسی نظموں کو 'حمد' کہتے ہیں۔

دیے گئے مصرعوں میں خالی جگہ پر کیجیے اور اپنی حمد لکھیے۔ مددگار الفاظ نیچے دیے گئے ہیں۔

مل کر بولو اللہ ، اللہ
ہم ___ ___ ___ ہے مالک اللہ

اس کی شان سب سے نرالی
باغ کو ___ ___ ___ ہریالی

سورج ___ ___ نے چمکایا۔
بادل سے پانی برسایا۔

نے — کا — اس — کو — دی — ہے — جس — سب

Butterfly

سب کے ساتھ ساتھ

Butterfly

دھم، دھم، اُونٹ ایک قطار میں چلتے جا رہے تھے۔
ساتھ ساتھ لوگ۔۔۔ اُن کے پیچھے کچھ بکریاں۔۔۔ چلتے چلتے لوگ تھک گئے۔
ایک جگہ سب لوگ رک کر کھانا کھانے کا سوچنے لگے۔ ''چلو گوشت پکاتے ہیں''،

کسی نے کہا۔ یہ خیال اچھا تھا۔ سب کو پسند آیا۔ اب کام بانٹنے کی باری تھی۔
''میں گوشت پکاؤں گا'' پہلے صحابی نے کہا۔ ''میں روٹیاں،'' دوسرے صحابی بولے۔
اللہ کے پیارے نبی ﷺ نے کہا، ''اور میں جنگل سے لکڑیاں کاٹ لاتا ہوں۔''
صحابیوں کو اللہ کے نبی ﷺ سے بہت پیار تھا۔

Butterfly

وہ سب بولے، ''نہیں اللہ کے نبی ﷺ آپ تکلیف کیوں کرتے ہیں۔ آپ کام نہ کریں۔ ہم خود ہی کر لیں گے،'' لیکن اللہ کے پیارے نبی ﷺ کو خود کام کرنا اچھا لگتا تھا۔ وہ سب کے ساتھ مل کر رہتے تھے۔ مل کر کام کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے کہا، ''میں نہیں چاہتا کہ میں الگ لگوں۔'' اور پھر ہمارے پیارے نبی ﷺ نے اپنے ساتھیوں کی کھانا پکانے میں مدد کی۔

تفہیم

سبق ایک بار پڑھیے اور دیے گئے درست جملوں کے ساتھ ✓ کا نشان لگائیے۔

۱۔ گوشت پکانے کا خیال سب کو پسند آیا۔ ☐

۲۔ پہلے صحابیؓ نے کہا میں روٹیاں پکاؤں گا۔ ☐

۳۔ دوسرے صحابیؓ نے کہا میں گوشت پکاؤں گا۔ ☐

۴۔ رسول اللہﷺ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لائے۔ ☐

۵۔ رسول اللہﷺ کے ساتھیوں نے انہیں کام کرنے سے منع نہیں کیا۔ ☐

۶۔ رسول اللہﷺ سب کے ساتھ مِل کر رہتے تھے۔ ☐

مل جل کر کام اچھا ہوتا ہے۔ مل کر کام کرنے کے دو فائدے کاپی میں لکھیے۔

الفاظ سازی

نون کا نقطہ

'مان' ایک لفظ ہے۔ مان کے آخر میں نون ہے۔ ایک لفظ ہے 'ماں'۔ ماں کے آخر میں بھی ایک نون ہے پر بغیر نقطے والا!!! آئیے ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ نون غنہ ہے۔ نون (ن) اور نون غنہ (ں) میں دو اہم فرق ہیں۔ ایک نقطے کا اور دوسرا آواز کا۔ نقطے کا فرق تو اکثر آپ کو نظر آجاتا ہے۔ آواز کا فرق بول کر سمجھ آئے گا۔ تو بولیے، 'مان، مان، مان'۔ محسوس کیجیے کہ آپ کی زبان اوپر والے دانتوں کے پیچھے جا لگتی ہے۔ اب بولیے 'ماں، ماں، ماں'۔ آپ نے محسوس کیا ہوگا کہ اب آپ کی زبان دانتوں کے پیچھے نہیں لگتی۔ تو جناب یہ ہے فرق نون اور نون غنہ کا۔

یہ نون غنہ کے کچھ الفاظ ہیں۔ سبق میں دیے گئے نون غنہ کے مزید الفاظ اپنی کاپی میں لکھیے۔

بچوں — یہاں — کہاں — سکوں — میں

Butterfly

واحد جمع

اگر کسی اسم کے آخر میں 'ی' ہو تو اس کے آخر میں 'اں' لگانے سے وہ جمع بن جاتا ہے۔ جیسے لڑکی۔لڑکیاں

'اں' لگا کر دیے گئے الفاظ کی جمع بنایئے۔

الفاظ	جمع	الفاظ	جمع	الفاظ	جمع
تتلی	______	مکھی	______	سردی	______
بکری	______	مکڑی	______	لوکی	______
لکڑی	______	چھتری	______	گرمی	______

آپ کو 'ا' کو 'ے' سے بدل کر اور 'ی' کو 'یاں' سے بدل کر جمع بنانی تو آ گئی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ 'ا' اور 'ی' تو صرف دو حرف ہیں تو ایسے الفاظ جن کے آخر میں یہ دونوں حروف نہ ہوں تو وہاں کیسے جمع بنائی جائے گی۔ اس کا حل بھی بڑا آسان سا ہے۔ وہ یہ کہ اکثر الفاظ کے آخر میں 'یں' لگا کر جمع بنائی جاتی ہے۔ جیسے کتاب (یں) کتابیں۔

نیچے دیے گئے الفاظ کو 'یں' لگا کر جمع بنایئے۔



واحد	جمع	واحد	جمع
بھیڑ	بھیڑیں	پینسل	______
گائے	______	عورت	______
بوتل	______	بطخ	______

Butterfly

تخلیقی لکھائی

ہر کہانی کا ایک ماحول ہوتا۔ یہ ماحول کہانی میں الفاظ کے ذریعے بھی ظاہر کر سکتے ہیں اور تصویروں کے ذریعے بھی۔

کہانی 'سب کے ساتھ ساتھ' پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱۔ کہانی میں کِن چیزوں کی تصویریں ہیں؟

۲۔ تصویروں میں کونسا ماحول دکھایا گیا ہے؟

دی گئی تصویروں کی مدد سے ماحول کاپی میں لکھیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

یہ پارک کا ماحول ہے۔ بچے کھیل
رہے ہیں۔ پارک میں جھولے ہیں۔

Butterfly

درخت بنا دوست

طحہٰ ٹی وی دیکھ رہا تھا۔
اچانک ایک کینو لڑھکتا ہوا
اس کے کمرے سے آیا۔ طحہ
اُنے اپنے کمرے میں جا کر
دیکھا، یہ کیا؟؟؟ ایک بڑا
سا کینو کا درخت اس کے
کمرے میں کھڑا تھا!!!

Butterfly



’’تم یہاں کیا کر رہے ہو؟‘‘ اس نے پوچھا۔

’’مجھے اپنے کینو رکھنے کے لیے کوئی جگہ چاہیے، کیا میں ان کو تمھارے کمرے میں رکھ دوں؟‘‘ درخت نے پوچھا۔

’’ہاں ہاں کیوں نہیں،‘‘ طٰحہٰ بولا۔

Butterfly



طہٰ درخت پر چڑھ گیا۔ درخت بہت بڑا تھا۔ اس پر بہت سارے رس بھرے کینو لگے تھے۔ طہٰ نے کینو اپنے بستر پر ڈال دیے۔ اس کا بستر کینوؤں سے بھر گیا۔ وہ درخت کے بالکل اوپر چڑھ گیا۔ وہاں سے ہر چیز بہت چھوٹی نظر آ رہی تھی۔ اسے بہت اچھا لگا۔

Butterfly

''بہت بہت شکریہ'' درخت نے کہا،
''اب میں بہت ہلکا ہو گیا ہوں۔''
طٰہٰ مسکرا دیا۔

Butterfly



بہت سارے کینو توڑ کر طحہ
تھک گیا تھا۔ وہ درخت سے
باتیں کرتے کرتے سو گیا۔ جب
طحہ سو کر اٹھا تو درخت جا چکا تھا۔
وہ اپنے دوست درخت کے کینو
کھانے لگا۔ کیا آپ کا بھی کوئی
درخت دوست ہے؟

Butterfly

تفہیم

سبق پڑھیے، واقعات کو درست ترتیب سے نمبر دیجیے اور اپنی کاپی میں لکھیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

1 طٰحہ ٹی وی دیکھ رہا تھا۔

☐ ”کیا میں اپنے کینو تمھارے کمرے میں رکھ دوں؟“ درخت نے پوچھا۔

☐ طٰحہ نے درخت پر چڑھ کر کینو توڑے۔

☐ ایک کینو لڑھکتا ہوا آیا۔

☐ ایک بڑا سا کینو کا درخت کمرے میں کھڑا تھا۔

Butterfly

کینو سردیوں کا پھل ہے اور آم گرمیوں کا، دونوں پھلوں کی تین تین خصوصیات اشاروں کی مدد سے لکھیے۔



• شکل ______

• ذائقہ



دیے گئے الفاظ میں سے صحیح ہجے والے لفظ پر دائرہ بنائیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

اورت	عورت	حاتھی	ہاتھی	طلوار	تلوار
قلم	کلم	ذیبرا	زیبرا	ططلی	تتلی
تالہ	تالا	ہقہ	حقہ۔		

Butterfly

گرامر

سوالیہ الفاظ

بعض الفاظ ایسے الفاظ ہوتے ہیں جن سے ہم سوالیہ جملہ بناتے ہیں۔ یہ الفاظ کیا، کیوں، کون، کس، کہاں اور کیسے۔

نیچے دیے گئے جملوں کو غور سے پڑھیے۔

- طحٰہ کیا دیکھ رہا تھا؟
- طحٰہ کے کمرے میں کون تھا؟
- درخت کے کینو کیسے تھے؟
- طحٰہ نے کینو کہاں ڈالے؟
- طحٰہ کیوں تھک گیا تھا؟
- طحٰہ کس سے باتیں کرتے کرتے سو گیا؟

سوالیہ الفاظ کس، کیوں، کہاں، کیا، کیسے اور کون کی مدد سے سوالیہ جملے بنائیے اور اپنی کاپی میں لکھیے۔

کون؟ کس؟ کیوں؟ کیسے؟ کہاں؟ کیا؟

Butterfly

تخلیقی لکھائی

پانچ صلاحیتیں

اللہ تعالیٰ نے ہمیں پانچ صلاحیتیں دی ہیں۔ جن کی مدد سے
ہم اپنے آس پاس موجود چیزوں کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

آم کے متعلق معلومات پانچ صلاحیتوں کی مدد سے لکھی گئی ہیں۔

آم کا رنگ پیلا اور اس کی شکل بیضوی ہوتی ہے۔
جب ہم آم کو کاٹتے ہیں تو ہلکی سی کٹ کی آواز آتی ہے۔
آم کی خوشبو بہت تیز اور میٹھی ہوتی ہے۔
آم کھانے میں بہت میٹھا ہوتا ہے۔
آم چھونے میں نرم سا لگتا ہے۔

تیز میٹھی خوشبو
کٹ
نرم
بہت میٹھا
پیلا اور بیضوی

اب آپ اپنی ان پانچ صلاحیتوں کی مدد سے سیب کے بارے میں معلومات کاپی میں لکھیے۔

سیب

کھٹی میٹھی خوشبو ( )
سخت اور چکنا ( )
کھٹا میٹھا ( )
کرش ( )
لال گول ( )

Butterfly

لمبی ہوگئی سونڈ

گوگا گی ہاتھی کا بچہ تھا۔ سوال پوچھنے کا اسے شوق تھا۔ دو سوال تو وہ بہت پوچھتا،
’’ہاتھیوں کی سونڈ چھوٹی کیوں ہے؟‘‘ اور ’’مگرمچھ کیا کھاتا ہے؟‘‘

اچھا یہ بات تو ہم نے بتائی نہیں: اس زمانے میں ہاتھیوں کی سونڈ چھوٹی ہوتی تھی اور یہ کہ تب تک کسی ہاتھی نے مگرمچھ نہ دیکھا تھا۔

جانوروں نے گوگا گی کو ڈانٹا،
’’لمبی سونڈ کا کیا کرنا ہے؟ تمہیں مگرمچھ سے کیا وہ کچھ بھی کھائے؟‘‘
مگر گوگا گی کو چین کہاں؟

Butterfly

اب سونڈ لمبی کرنے کا کوئی طریقہ تو تھا نہیں۔ ہاں مگرمچھ کو ڈھونڈا جا سکتا تھا۔

گوگا گی مگرمچھ کو ڈھونڈتا دریا کنارے پہنچا۔ وہاں اسے ایک لمبا،
موٹے دانتوں والا جانور نظر آیا۔ ''آپ مگرمچھ کو جانتے ہیں؟'' گوگا گی نے پوچھا۔

''جی'' جانور بولا۔ ''مگرمچھ کیا کھاتا ہے؟'' گوگا گی نے پھر پوچھا۔

''پاس آؤ، بتاتا ہوں،'' جانور نے کہا۔

گوگا گی پاس گیا۔ جانور نے گوگا گی کی ناک پکڑ لی۔ گوگا گی نے کھینچا۔
جانور نے کھینچا۔ دونوں نے اپنی اپنی طرف کھینچا۔
آخر گوگا گی نے ناک چھڑا لی۔ ناک چھٹ تو گئی، لیکن ہوگئی
سانپ جتنی لمبی۔ یوں گوگا گی کی ناک بھی لمبی ہوگئی
اور یہ بھی پتہ چل گیا کہ مگرمچھ کیا کھاتا ہے۔

Butterfly

تفہیم

۱) گوگا گی کو کس بات کا شوق تھا؟

۲) گوگا گی دریا کے کنارے کیوں گیا؟

۳) گوگا گی کی ناک کیسے لمبی ہوگئی؟

۴) دریا کے کنارے ملنے والا جانور کون تھا؟

۵) کیا گوگا گی کو اپنے سوالات کے جوابات مل گئے؟



خوشخط لکھیے۔

الفاظ سازی

تنوین کا تعارف

بعض الفاظ کے آخر میں 'ن' کی آواز بولی جاتی ہے مگر لکھتے ہوئے (اً) لکھا جاتا ہے (ً) کو تنوین کہتے ہیں۔

مثلاً — فوراً — تقریباً — عملاً — اندازاً

Butterfly

دیے گئے الفاظ میں سے درست الفاظ پر دائرے لگائیے۔
ایک مثال دی جا رہی ہے۔

جبراً	جبرن	فوراً	فورن
اخلاقن	اخلاقاً	تقریباً	تقریبن
اندازاً	اندازن	عملن	عملاً

گرامر

متضاد

گوگا گی کی ناک پہلے چھوٹی تھی اور پھر لمبی ہو گئی۔ چھوٹی کی ضد لمبی ہے۔ اسی طرح بہت سے ایسے الفاظ جن کی ضد ہوتی ہے، متضاد کہلاتے ہیں۔
مثلاً گورا اور کالا۔ دبلا، موٹا وغیرہ۔

دیے گئے الفاظ کے سامنے صحیح متضاد لکھیے۔ امدادی الفاظ کی فہرست سے مدد لیجیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

الفاظ	ضد
صاف	گندا
اوپر	______
جواب	______
صبح	______
نرم	______

شام
نیچے
سخت
سوال
گندا

Butterfly

دائرے والے الفاظ کے متضاد خالی جگہ میں لکھیے۔



۱۔ میرا بھائی ہمیشہ خوش رہتا ہے
کبھی ______ نہیں ہوتا۔

۲۔ کتا بلی کے پیچھے ہے
اور بلی کتے کے ______۔



۳۔ بس بڑی اور سائیکل ______ ہوتی ہے۔

۴۔ دن کام کے لئے ہے
اور ______ آرام کے لئے۔

۵۔ ہوائی جہاز سے دور کا سفر کرتے ہیں
اور گاڑی سے کا۔

Butterfly

تصویری کہانی

دی گئی کہانی میں تصویر کے مطابق صحیح الفاظ لکھ کر کہانی مکمل کیجیے۔

چاندنی رات تھی۔ ندا اپنے ________ کے ساتھ میٹھی نیند سو رہی تھی۔ اچانک اُس کے ________ میں تیز روشنی ہو گئی ندا کی آنکھ کُھل گئی۔ اس کے کمرے میں ________ چمک رہے تھے۔ اُس کی نظر ________ کی طرف گئی تو چندا ماموں بہت قریب نظر آئے۔ وہ کھڑکی کے پاس گئی اور ________ کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ اُسے ایسے لگا کہ چندا ماموں اُسے دیکھ کر ________ رہے ہیں۔ وہ تھوڑی دیر چندا ماموں کے پاس کھڑی رہی۔ ٹھنڈی ہوا اور چاند کی روشنی اسے بہت اچھی لگ رہی تھی، اسے نیند بھی آ رہی تھی۔ اس نے چندا ماموں کو خدا حافظ کہا اور اپنے ________ کے ساتھ دوبارہ سو گئی۔

Butterfly

بادل



کالے بادل آئیں گے
بارش پھر برسائیں گے

مینڈک پھر ٹرائیں گے
مل کر گانا گائیں گے

موٹا گتا ڈھونڈ کے ہم
چھتری ایک بنائیں گے

بلی ، منی، چاچا ، نانا
سب ہی خوب نہائیں گے

بچے اپنے جوتے پکڑے
گلی میں دوڑ لگائیں گے



Butterfly

”اندر رہنا، بھیگ نہ جانا“
دادا یہ سمجھائیں گے

بھوری چڑیاں، کالے کوّے
پتوں میں چھپ جائیں گے

آلو اور پالک کے پکوڑے
چٹنی سے ہم کھائیں گے

صحن میں پانی روک کے ہم
کشتی خوب چلائیں گے

رنگ برنگی چھتری، قطرے
بارش بعد بنائیں گے

Butterfly

تفہیم

نظم پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

کچھ بچے بارش کے دوران چپل ہاتھ میں کیوں پکڑ لیتے ہیں؟

آپ کو کون سے پکوڑے پسند ہیں؟

بارش کے بعد بننے والی رنگ برنگی چھتری کا اصل نام کیا ہے؟

آپ بارش میں کیا کرتے ہیں؟ تین کے نام لکھیے۔



اشاروں کی مدد سے معمے میں صحیح لفظ کے گرد دائرہ بنائیے اور اشارے کے سامنے خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

۱۔ بارش سے بچنے کے کام آتی ہے۔ چھتری

۲۔ گرجتے ہیں اور برستے بھی ہیں۔ ______

۳۔ بادل سے برسنے والے پانی کو کہتے ہیں۔ ______

۴۔ بارش میں تلے جاتے ہیں۔ ______

۵۔ کاغذ سے بنا کر پانی میں چلاتے ہیں۔ ______

		۳ ب	
ل	د	ا	۲ ب
	۱ چھ	ر	۴ پ
ی	ت	ش	ک ۵
	ر		و
	ی		ڑ
			ے

Butterfly

الفاظ سازی

ہمزہ سے ملیے

آیئے چلیے ہمزہ سے ملیے ۔ یہ ہمزہ (ء) ہے۔ یہ نہ کوئی حرف ہے اور نہ ہی زبر، زیر اور پیش کی طرح کوئی چھوٹی آواز ہے۔ کیوں کہ اس کی آواز ہی نہیں ۔ یہ ایک خاص علامت جو خاص جگہ پر آتی ہے۔ وہ خاص جگہ مصوتوں کے درمیان میں ہے۔ جیسے: 'ا' کے بعد و، ی اور ے کے درمیان میں ہمزہ (ء) آتا ہے۔

'و' کے بعد 'ی' اور 'ے' آئیں تو ہمزہ آتا ہے۔ جیسے، سوئی، سوئے۔ اسی طرح اگر زبر کے بعد 'و'، 'ی' اور 'ے' آئیں تو ہمزہ آتا ہے جیسے، ر َ و ف رؤف، گ َ ی گئی گ َ ے گئے۔ اسی طرح اگر 'ا' کے بعدِ آئے تو ہمزہ آتا ہے۔ جیسے عجائب، شمائل وغیرہ

نیچے ہمزہ کے زیادہ استعمال ہونے والے الفاظ دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور اپنی کاپی میں نقل کیجیے۔

ا۔و	ا۔ی	ا۔ے	و۔ی	و۔ے
کھاؤ	آئی	آئے	ہوئی	ہوئے
جاؤ	نہائی	لائے	سوئی	سوئے
نہاؤ	لگائی	کھلائے	ہوئی	ہوئے
آؤں	سجائی	سجائے	روئی	روئے
کھاؤں	چلائی	بھگائے	کھوئی	کھوئے

Butterfly

آوازوں کے نام (اسمِ صوت)

ہم صبح سے مختلف آوازیں سنتے ہیں۔ کوے کی کائیں کائیں، بس کی پوں پوں، بلی کی میاؤں میاؤں۔
ان آوازوں کو اسمِ صوت کہتے ہیں۔

دی گئی چیزوں کی آوازیں پڑھیے۔

بارش	ٹپ ٹپ
بادل	گھڑ گھڑ
آندھی	زوں زوں

کوئل	کوو۔کوو
مینڈک	ٹرر۔ٹرر
کتا	بھوں۔بھوں

دی گئی تصویر کے سامنے ان کے نام اور آواز لکھیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

تصویر	نام	آواز
	کوا	کائیں کائیں
		

Butterfly

تخلیقی لکھائی

ڈائری

ہم سب صبح سے شام تک بہت کام کرتے ہیں۔
اگر ان کاموں کو ترتیب سے لکھا جائے تو ڈائری کہلاتی ہے، لیکن ڈائری میں کوئی خاص بات یا واقعہ لکھا جاتا ہے۔ یاد رکھیے ڈائری میں صفحے پر اوپر کی طرف سیدھے ہاتھ پر مکمل تاریخ لکھی جاتی ہے۔ واقعات کو ترتیب سے لکھا جاتا ہے۔ نیچے لکھنے والا اپنا نام لکھتا ہے۔

دی گئی تصاویر میں ایک بچے کی ڈائری ہے۔ اسے پڑھیے۔

(۱) میں اسکول سے گھر جا رہا تھا۔
مجھے ایک رنگ برنگی تتلی نظر آئی۔
میں تتلی کو پکڑنے کے لیے دوڑا
تو اچانک بارش شروع ہوگئی۔

(۲) تتلی اڑتی ہوئی ایک گڑھے کے پاس گئی۔

(۳) ایک بلی گڑھے میں گر گئی تھی
اور رو رہی تھی۔

(۴) میں نے بلی کو گڑھے سے نکالا۔
بلّی اور تتلی خوش تھیں۔ میں بھی خوش تھا۔

Butterfly

دی گئی تصاویر کے سامنے دو یا تین جملے لکھ کر ڈائری مکمل کیجیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

(۵) بلی کو نکال کر میں گھر جا رہا تھا۔

بلی کی آواز سن کر دیکھا تو

(٦)

(۷)

Butterfly

انوکھا جانور

کچھ سمجھ نہیں آتا۔ بندر کی دو ٹانگیں اور دو ہاتھ ہیں، یا چار ٹانگیں۔ دوڑنا ہو تو یہ بکری بن جاتا ہے، اور کھانا انسان کی طرح کھاتا ہے۔ درخت پر چڑھتے ہوئے صرف ہاتھ نظر آتے ہیں۔ ٹانگیں تو غائب ہی ہو جاتی ہیں۔

Butterfly

ہر جانور کی ٹانگیں لمبی اور ہاتھ چھوٹے ہوتے ہیں، اس کی ٹانگیں چھوٹی اور ہاتھ لمبے۔ یہ تو ہوگیا بندر کا جسم۔ حرکتیں تو اور بھی عجیب ہیں۔ بیٹھے ہوئے سوچتا دیکھیں تو لگتا ہے کوئی بزرگ سائنسدان پانی سے چلنے والی گاڑی بنانے کا سوچ رہا ہے اور حرکتیں ایک سالہ بچّے جیسی۔ درخت کے اوپر بیٹھ کر ہوائی جہازوں کو ایسے دیکھتا ہے جیسے کہ کوئی پائلٹ چھٹی پر ہو۔ پھر دوسرے ہی لمحے جالی میں سے ہاتھ نکال کر بچے سے کیلا چھینا اور یہ جا وہ جا۔ صفائی کے معاملے میں بھی عجیب عادت پائی ہے۔ ایک دوسرے کی جوئیں یوں نکالتے ہیں
جیسے کسی شادی پر جانا ہے اور نہیں چاہتے کہ
رشتے داروں کے سامنے شرمندگی ہو۔
لیکن زمین پر گری مٹی میں لت پت جلیبی
ایسے کھاتے ہیں جیسے ٹافی۔



خیر! اللہ نے بندر کو بنایا ہے۔ تو ٹھیک ہی
بنایا ہوگا۔ ہمیں تو یہ جانور سمجھ نہیں آیا؟ کیا آپ کو آیا؟

Butterfly

تفہیم

مضمون پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات کاپی میں لکھیے۔

۱۔ بندر کی ٹانگیں اور ہاتھ دوسرے جانوروں سے کس طرح مختلف ہیں؟

۲۔ ہمیں کیسے معلوم ہوا کہ بندر صفائی پسند جانور ہے؟

۳۔ بندر سوچتے ہوئے کیسا لگتا ہے؟

مضمون پڑھیے اور اپنی کاپی میں دو کالم بنائیے۔ پہلے کالم میں بندر کے متعلق دو ایسی باتیں لکھیے جو آپ کو پہلے سے معلوم تھیں اور دوسرے کالم میں دو ایسی باتیں لکھیے جو آپ کو اب معلوم ہوئیں۔

Butterfly

الفاظ سازی

الف اور دوسرے مصوتے

یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ ا، و، ی، ے مصوتوں کی آوازیں لمبی ہیں جبکہ (ـَ) (ـِ) (ـُ) مصوتوں کی چھوٹی آوازیں ہیں۔ یہ بھی آپ کو معلوم ہے کہ جب 'ا' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اپنے اوپر مد (ٓ) کے ساتھ آتا ہے، جیسے: آم تو جناب اسی طرح تمام مصوتوں کی آوازیں چاہے وہ لمبی آوازیں ہوں یا چھوٹی آوازیں، جب بھی کسی لفظ کے شروع میں آتے ہیں تو ان سے پہلے 'ا' آتا ہے تا کہ پتہ چل جائے کہ یہ مصوتوں کی آوازیں ہیں۔ جیسے اوٹ میں 'ا' آئے گا جبکہ 'وہ' میں نہیں آئے گا۔ کیوں کہ 'وہ' میں 'و' ہے اور 'و' مصمتے کی آواز ہے۔ اسی طرح 'ایک' میں (اے) کی آواز ہے تو 'ا' آئے گا مگر 'یاد' میں 'ا' نہیں آئے گا۔

دیے گئے الفاظ بہ غور پڑھیے اور غور کیجیے کہ مصوتوں کی چھوٹی اور لمبی آوازیں الفاظ کے شروع میں 'ا' کے ساتھ لکھی گئی ہیں مگر پڑھی اپنی آوازوں میں ہی جاتی ہیں۔

ولہ	اولہ	ـَب	اَب
ور	اور	ـِس	اِس
		ـُس	اُس

ون	اون	
ے	ک	ایک
ے	سا	اسا
ی	مان	ایمان

سبق میں دیے گئے ایسے الفاظ اپنی کاپی میں نقل کیجیے جن کے شروع میں 'ا' ہے نیز یہ بھی بتائیے کہ ہر لفظ کے شروع میں کس مصوتے کی آواز ہے۔ مثال کے طور پہ لفظ 'اُن' میں (ـُ) کی آواز ہے۔

Butterfly

گرامر

کون کہاں ہے

یہ بتانے کے لیے کوئی چیز یا جاندار کہاں ہے ہم مختلف لفظ استعمال کرتے ہیں مثلاً اندر، باہر، اوپر، نیچے، انہیں حرفِ جار کہتے ہیں

دی گئی تصویر کے مطابق درست الفاظ کو آپس میں ملایے۔ تصویروں کے سامنے صحیح جملہ لکھیے کہ بندر کہاں ہے؟

ایک مثال دی جا رہی ہے۔

بندر ڈرم کے **پیچھے** ہے۔

نیچے

اوپر

نزدیک

اندر

پیچھے

درمیان

Butterfly

دی گئی تصویر کے مطابق نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں میں درست حرف جار لکھیے۔

ایک مثال دی جا رہی ہے۔

۱۔ اے سی فرج کے ___اوپر___ ہے۔

۲۔ گیند پرام کے ________ ہے۔

۳۔ کرسی میز کے ________ ہے۔

۴۔ شیشہ پردوں کے ________ ہے۔

۵۔ الماری اسٹینڈ کے ________ ہے۔

۶۔ فرج اے سی کے ________ ہے۔

۷۔ اسٹینڈ الماری کے ________ ہے۔

Butterfly

آپ اپنے کمرے میں سو رہے تھے۔ اچانک آنکھ کھلی تو آپ نے خود کو جنگل میں پایا۔ وہاں پر طرح طرح کے جانور ہیں۔ پھر کیا ہوا؟ دلچسپ انداز میں کہانی لکھیے۔ کہانی کی منصوبہ بندی کے لیے دیا گیا خاکہ آپ کی مدد کرے گا۔

۱۔ نام۔(عنوان)

۲۔ ماحول (کہانی کہاں پیش آئی۔ جگہ۔مقام)

۳۔ کردار (کہانی میں مرکزی کردار کون ہوگا۔ اس کے علاوہ کون کون ہوگا)

پلاٹ

عنوان

آغاز

درمیان

انجام

ماشاء اللہ

Butterfly

مغرور زمیندار پاؤں زور سے مارتا باغ میں داخل ہوا اور بولا ''انگور توڑ کر لاؤ، میٹھے میٹھے۔'' ایک نوکر انگور لانے بھاگا۔ دوسرا اس کے پاؤں دبانے لگا۔ تیسرا کنوئیں سے ٹھنڈا میٹھا پانی لے کر آ گیا۔

باغ سے کچھ دور مغرور زمیندار کا دوست رہتا تھا۔ وہ زمیندار سے ملنے چلا آیا۔ ''آؤ دوست،'' مغرور زمیندار بولا، ''یہ لو انگور کھاؤ۔'' مغرور زمیندار انگور کھاتا جاتا اور بولتا جاتا، ''یہ سب چیزیں میری ہیں۔ وہ دیکھو انگور کی بیلیں۔ یہ کھجور کے درخت اور یہ چاول کا کھیت! یہ سب میرے ہیں۔ اور تمھارے پاس؟ تمھارے پاس کچھ نہیں۔''



مغرور زمیندار کا دوست یہ باتیں سن کر ناراض نہ ہوا، آرام سے بولا،

’’بھائی تمھیں یہ سب اللہ نے دیا ہے۔ تو تم ماشاء اللہ کیوں نہیں کہتے؟ میرے پاس یہ سب نہیں تو کیا ہوا۔ اللہ مجھے بھی دے گا۔ ہوسکتا ہے کہ اللہ تم سے یہ سب چھین لے۔‘‘ ان باتوں کا مغرور زمیندار پر کوئی اثر نہ ہوا۔ مغرور زمیندار کی باتیں اللہ کو پسند نہ آئیں۔ اللہ نے اُس رات ہی باغ پر طوفان بھیجا۔ پودے ٹوٹ گئے، درخت گر گئے، پانی گندا ہو گیا، سارا باغ ختم ہو گیا۔ اگلے دن مغرور زمیندار باغ میں آیا تو وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ وہ بہت رویا، بہت چیخا۔ مگر اب کیا ہوسکتا تھا؟

Butterfly

تفہیم

کہانی پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱۔ مغرور زمیندار باغ میں داخل ہوا تو نوکروں نے کیا کام کیے ترتیب وار لکھیے۔

______ بھاگا

______ دبانے لگا

______ آ گیا

۲۔ مغرور زمیندار کے باغ میں کون کون سی چیزیں تھیں؟

______ بیلیں

______ درخت

______ کنواں

۳۔ طوفان کے بعد کیا ہوا؟

______ ٹوٹ گئے۔

______ گر گئے۔

______ ہو گیا۔

______ ختم ہو گیا۔

Butterfly

الفاظ سازی

تشدید

اگر کسی لفظ میں ایک حرف دو بار پڑھا جائے تو لکھتے ہوئے اُس پر حرف تشدید (ــّ) لگاتے ہیں۔ جیسے

ک۔د۔د۔و = کدّو

ک۔ت۔ت۔ا = کتّا

سکّہ بتّی پتّا کوّا امّی

لفظ بنائیے اور تشدید لگائیے۔ ایک مثال دی گئی ہے۔

ا	ل	ل	ہ	اللّٰہ
پ	ت	ت	ا	
ح	ق	ق	ا	
ا	ل	ل	و	



حرف توڑیے تشدید والے حروف کو دو بار لکھیے۔ نیچے ایک مثال دی گئی ہے۔

یکّہ	ی	ک	ک	ہ
سِکّا				
کتّا				
کوّا				
کھٹّا				

Butterfly

ہر چیز کا کوئی نام ہوتا ہے۔ اسے ہم اِسم کہتے ہیں۔
جیسے بلی، کتاب، اسکول۔ لڑکا وغیرہ یہ نام اِسمِ نکرہ کہلاتے ہیں۔
اگر ہم اِن چیزوں کو ایک خاص نام دیں مثلاً مانو بلی تو یہ
اسمِ معرفہ کہلائے گا۔

اسمِ معرفہ، نکرہ

گرامر

دیے گئے جملوں میں اسمِ معرفہ لکھیے اور اسمِ نکرہ کے گرد دائرہ بنائیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

۱۔ میں ___دوسری___ جماعت میں پڑھتا ہوں۔

۲۔ میرے اسکول کا نام ________ ہے۔

۳۔ میرے ابو کا نام ________ اور امّی کا نام ________ ہے۔

۴۔ میرے شہر کا نام ________ ہے۔

اپنی کاپی میں دو کالم بنائیے۔ دیے گئے پیراگراف سے ۱۵ اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ الگ الگ کالم میں لکھیے۔

فاطمہ صبح صبح اٹھی۔ آج اسکول کا پہلا دن تھا۔ اُس نے رات کو ہی اپنی نئی کتابیں، کاپیاں اور پینسل باکس نئے بیگ میں رکھ لی تھیں۔ اس کی یونی فارم بھی نئی تھی۔ وہ جلد ہی اپنے بھائی احمد کے ساتھ اسکول جانے کے لئے تیار ہوگئی۔ اس کے اسکول کا نام ''اقبال پرائمری اسکول'' تھا۔ راستے میں اسے سارا، عائشہ، ماریہ اور ان کا بھائی علی مِل گئے۔ سب بہت خوش تھے۔

Butterfly

تخلیقی لکھائی

کہانی کا سبق

کہانیاں سننا، سنانا سب کو اچھا لگتا ہے۔
ہر کہانی ہمیں کوئی اچھی بات سکھاتی ہے۔ اسے ہم کہانی کا سبق کہتے ہیں۔ یہ اچھی بات ایک سے زیادہ بھی ہوسکتی ہے

اب تک آپ نے جو کہانیاں پڑھی ہیں، عنوان کے سامنے لکھیے کہ آپ نے کیا سبق سیکھا؟

سب کے ساتھ ساتھ

____

____

درخت بنا دوست

____

____

ماشاءاللہ

____

____

Butterfly

میرا ساتھی، میرا دلبر

آؤ گاؤ ، سب یہ مل کر
میرا ساتھی ، میرا دلبر
جھنڈا ہمارا، سب سے پیارا
شان ہماری ، نام ہمارا

برف کا تکیہ، گھاس کی چادر
چاند اور تارا ، رکھا اس پر
ہر گھر پر یہ ، لہراتا جائے
سب سے اُوپر، نظر یہ آئے

آؤ گاؤ ، سب یہ مل کر
میرا ساتھی ، میرا دلبر
جھنڈا ہمارا، سب سے پیارا
شان ہماری ، نام ہمارا

Butterfly

بن کے بادل، جھومے ہوا میں
جیسے تتلی اڑے فضا میں
تن کر اٹھو ، اسے جمادو
گھر کے اوپر ، اسے لگادو

آؤ گاؤ ، سب یہ مل کر
میرا ساتھی ، میرا دلبر
جھنڈا ہمارا، سب سے پیارا
شان ہماری ، نام ہمارا

چلیں ہم مل کر، اسے اٹھا کر
کھو نہ دینا ، اسے تم پا کر
چاند پہ بیٹھیں ، تارا دیکھیں
ہم سب مل کر، دیس کا سوچیں

آؤ گاؤ ، سب یہ مل کر
میرا ساتھی ، میرا دلبر
جھنڈا ہمارا، سب سے پیارا
شان ہماری ، نام ہمارا

Butterfly

تفہیم

نوٹ: ۱۴ اگست کے دوسرے دن اپنے جھنڈے اتار کر احتیاط سے رکھیے چھوٹے جھنڈے اور جھنڈیاں اگر نیچے گرے نظر آئیں تو انہیں اُٹھا لیں۔

نغمہ پڑھیے اور سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱۔ اس نغمے میں سب کے ساتھ مل کر کیا گانا ہے؟

۲۔ جھنڈے میں برف کا تکیہ اور گھاس کی چادر کسے کہا گیا ہے؟

۳۔ تتلی اور جھنڈے کے علاوہ کیا کیا چیزیں ہوا میں اُڑتی ہیں؟

۴۔ ۱۴ اگست پر آپ کہاں کہاں جھنڈا لگاتے ہیں؟

الفاظ سازی

ایک بھاری دوسری ہلکی

'ہ' اور 'ھ' دونوں حرف ہیں۔
ہ کی آواز ہلکی ہوتی ہے اور ھ کی بھاری۔

تصویر کے سامنے خالی جگہ میں درست حرف لکھ کر لفظ مکمل کیجیے۔

ج ___ از

ج ___ اڑو

ہ ا ت ___ ی



چ و ___ ا

Butterfly

اشاروں کی مدد سے خالی جگہ پر ہ یا ھ لگائیے اور لفظ بنا کر اشارے کے سامنے لک

۱۔ وہ شخص جو ہمارے کپڑے دھوتا ہے۔ ________

۲۔ سلاد میں استعمال ہوتا ہے۔ ________

۳۔ چڑیا اور چڑے نے مل کر پکائی۔ ________

۴۔ صفا و مروہ ہیں۔ ________

۵۔ دوست کے معنی ہیں۔ ________

۶۔ وہ موسم جس میں پھول کھلتے ہیں۔ ________



Butterfly

گرامر

ایک معنی دو الفاظ

کبھی کبھی ہم دو لفظ ایسے استعمال کرتے ہیں جن کے معنی ایک جیسے ہوتے ہیں انہیں 'ہم معنی الفاظ' کہتے ہیں۔

دیے گئے 'ہم معنی الفاظ' اپنی کاپی میں اتاریے اور یاد کیجیے۔

جھنڈا	پرچم	دیس	وطن
ساتھی	دوست	سبز	ہرا
اونچا	بلند	قمر	چاند

Butterfly

تخلیقی لکھائی

قومی نغمہ

قومی نغمہ وہ نظم ہے جو اپنے ملک کی تعریف میں لکھی جاتی ہے۔

دیے گئے الفاظ کو درست جگہ پر لکھ کر قومی نغمہ مکمل کیجیے اور اپنے ہاتھ میں قومی پرچم لے کر سب کے ساتھ گائیے۔

جان	شان	پاکستان	تان	جیوے جیوے
پیارا	ہمارا	پیارا	جیوے جیوے	تارا

اپنے دیس کی اپنی شان

اس پہ قربان اپنی ______

آؤ لگائیں مل کر ______

جیوے جیوے ______

______ ______ پاکستان

جھنڈا ہمارا سب سے ______

ہم ہیں اس کے یہ ______

جیوے جیوے چاند اور ______

جیوے جیوے جھنڈا ______

______ ______ جھنڈا ہمارا

Butterfly

باب 9

ڈبہ اچھا ہے

احمد کی امی نے چادر کو زور سے جھاڑا۔ ایک پینسل اچھل کر نکلی۔ امی نے الماری کھولی۔ ایک پینسل الماری سے گری۔ امی نے پینسل اٹھائی اور بولیں، ’’یہ بلو! پینسل سنبھال کر نہیں رکھتا‘‘۔ جوتے میں پینسل، پلیٹ میں پینسل، گلاس میں پینسل، امی تو تنگ آ گئیں۔

احمد بولا، ’’امی پریشان نہ ہوں۔ میں پینسل رکھنے کے لئے اچھا سا ڈبہ بنا دیتا ہوں، پھر بلو اپنی تمام پینسلیں اس ڈبے میں رکھے گا۔‘‘

Butterfly

احمد نے اپنے دوستوں کو مدد کے لئے بلایا۔ زیبرا خالی دودھ کا ڈبہ لایا۔ تتلی لائی پھول اور گھاس۔ الو چارٹ پیپر اور گلو لے کر لایا۔

اب تینوں نے مل کر چارٹ پیپر ڈبے پر لگایا، پھر اس پر پھول لگائے اور گھاس چپکائی۔ یوں بلو کی پینسلیں رکھنے کی جگہ بن گئی۔ بلو آیا۔ ڈبہ دیکھا اور خوشی خوشی ڈبہ لے گیا۔ الو بولا، ''واہ بلو تو بڑا سمجھ دار ہے۔ دیکھتے ہی سمجھ گیا کہ ڈبہ کس لئے ہے۔'' تتلی بولی، ''وہ تو ٹھیک ہے لیکن پینسلیں تو یہاں ہیں۔ بلو ڈبہ کہاں لے گیا؟''

Butterfly

سب دوست سوچ ہی رہے تھے کہ بلو واپس آیا
تو ڈبے میں مٹی تھی۔ ایک پیارا سا پودا بھی تھا۔
بلو بولا، ''میرے لئے کتنا پیارا گملا بنایا
آپ لوگ نے، بہت بہت شکریہ!''

Butterfly

تفہیم

کہانی پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات کاپی میں لکھیئے

۱: احمد کی امی کیوں پریشان تھیں؟

۲: احمد نے امی کی پریشانی دور کرنے کے لیے کیا کہا؟

۳: احمد نے کن کی مدد سے ڈبہ تیار کیا؟

۴: بلو نے ڈبہ کس طرح استعمال کیا؟

الفاظ سازی

ن غنہ کے الفاظ درمیان میں

بوجھو میں کون ہوں؟

میں بوند میں ہوں ، پانی میں نہیں ، اونٹ میں ہوں ، بندر میں نہیں

جی ہاں! یہ بھی ن غنہ ہے، لیکن لفظ کے درمیان میں آیا۔

اس کی صحیح آواز نکالنی ضروری ہے۔

نیچے دے گئے الفاظ اپنی کاپی میں اتاریئے

اور صحیح آواز میں ادائیگی کی مشق کیجئیے

بھینس — لونگ — گھونٹ — چھینک — سانپ

کانپ — سونف — سانس

Butterfly

ہر دن ایک کام

ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔ پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار یہ نام ترتیب سے کاپی میں اتاریے اور یاد کیجیے۔

سارہ نے ہفتے کے ساتوں دن کوئی نہ کوئی کام کیا۔ تصویریں دیکھیے اور دنوں کے آگے صحیح جواب لکھیے کہ سارا نے کس دن کیا کام کیا۔

پیر ____________________

منگل ____________________

بدھ ____________________

جمعرات ____________________

جمعہ ____________________

ہفتہ ____________________

اتوار ____________________

Butterfly

اپنی کاپی میں بھی اسی طرح پورے ہفتے کی ڈائری بنائیے اور لکھیے کہ آپ نے کس دن کیا کام کیا۔
ایک مثال دی جا رہی ہے۔

پیر: اپنے دوست کی سالگرہ میں گیا۔



احمد اور اس کے دوستوں نے دودھ کے ڈبے سے پینسلوں کا ڈبہ بنایا اور بلو نے اسے گملا بنا دیا۔ آپ بھی اپنی جماعت کے دوستوں کے ساتھ مل کر پرانی چیز کو نئی شکل دیجیے مثلاً، ماچس کی ڈبیوں سے گڑیا کے صوفے، ریل گاڑی، کاغذ کا پنکھا، کمرے کے لیے کوڑے دان، مختلف کاغذ کے ٹکڑوں اور پینسلوں کی شارپنگ سے کمرے کی تصویر یا کچھ اور۔

نئی چیز بنانے کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱) کیا بنایا؟ ______

۲) کن چیزوں کو دوبارہ استعمال کیا؟ ______

۳) سب سے پہلے کیا کیا؟ ______

۴) اس کے بعد، ______

۵) پھر، ______

۶) کس کام آ سکتی ہے؟ ______

Butterfly

توبہ توبہ کیا دن تھا۔
صبح اٹھا تو لائٹ نہیں۔
نہانے گیا تو پانی نہیں۔ امّی نے
فرج سے دودھ کا ڈبّہ نکالنے کو کہا۔
ڈبّہ پیچھے رکھا تھا۔ تیزی میں نکالا تو آگے
رکھا کھیر کا پیالا اُلٹا اور سیدھا
نیچے سالن میں۔

میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا!

Butterfly

اسکول جاتے ہوئے راستے میں وین خراب ہوگئی۔ گرمی سے بڑا حال تھا۔
اسکول دیر سے پہنچا۔ کلاس شروع ہو چکی تھی۔
جلدی میں میرا بیگ ٹیچر کی میز سے ٹکرایا اور ٹیچر کا بیگ زمین پر گر گیا۔
اُن سے ڈانٹ پڑی۔ بڑی مشکل سے دن گزرا۔
گھر پہنچا تو گیٹ بند تھا۔ امّی پڑوس میں تھیں۔ میں نے اپنی طرف سے عقلمندی
دکھائی اور دیوار سے کود گیا۔ اُوپر کیل تھی۔ قمیض کی جیب اس میں پھنس گئی۔
قمیض سفید جھنڈے کی طرح دیوار پر جھول رہی تھی اور میں نیچے زمین پر کھڑا تھا۔
اندر پہنچ کر باورچی خانے میں گیا۔ سالن تیار نہیں تھا۔
سوچا دہی میں چینی ڈال کر روٹی سے کھا لوں۔

Butterfly

جلدی جلدی چینی دہی میں ملائی اور جوں ہی منہ میں ڈالا تو، تھوتھو۔

جب غور سے دیکھا تو نمک ڈال دیا تھا۔

خیر کچھ کھائے پیئے بغیر سو گیا۔

شام کو فٹ بال کھیل کر غصہ نکالنے کا فیصلہ کیا۔

پہلی ہی کک جو ماری تو بال پڑوسی کی کھڑکی توڑ کر

کھانے کی میز پر۔

Butterfly

میں گھر بھاگ آیا۔ رات میں امّی اور ابو کا لیکچر سنا۔ اس کے بعد کمرے میں جانے کی اجازت ملی۔ میں کمرے میں جاتے ہوئے سوچ رہا تھا کہ سب مجھے کیوں ڈانٹ رہے تھے۔ میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا!

احمد

ڈائری پڑھیے اور لکھیے کہ دیے گئے عنوانات کے مطابق احمد کے ساتھ کیا کیا ہوا؟

صبح صبح ____________________

راستے میں ____________________

اسکول میں ____________________

احمد کی ڈائری پڑھیے اور صحیح جواب پر دائرہ بنائیے۔

- احمد بغیر کھائے پیئے کیوں سو گیا؟

۱۔ دہی میں نمک ڈال دیا تھا ۲۔ کھانا مزے دار نہیں تھا۔

۳۔ اسے بھوک نہیں تھی۔

- احمد فٹ بال سے کیوں کھیلنا چاہتا تھا؟

۱۔ اسے فٹ بال کا شوق تھا ۲۔ غصہ اتارنے کے لیے۔

۳۔ میچ کے لئے پریکٹس کرنی تھی۔

- احمد کو کمرے میں جانے کی اجازت کب ملی؟

۱۔ امی، ابو کا لیکچر سننے کے بعد ۲۔ پڑھائی ختم کرنے کے بعد۔

۵۔ امی، ابو سے معافی مانگنے کے بعد۔

Butterfly

- احمد کو گھر پہنچ کر کیا کرنا چاہیے تھا؟

۱۔ دروازے پر امی کا انتظار کرنا چاہیے تھا۔ ۲۔ دوست کے گھر جانا چاہیے تھا۔

۳۔ پڑوس میں امی کے پاس جانا چاہیے تھا۔

الفاظ سازی

کم استعمال ہونے والی آوازیں

ط ڑ ث ژ

'ڑ' کی آواز کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتی۔ یہ ہمیشہ لفظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے پہاڑ، لکڑی۔ 'ژ' کی آواز سے صرف ایک لفظ شروع ہوتا ہے۔ ژالہ۔ 'ث' کی آواز سے کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ثمر

مددگار الفاظ کی مدد سے دیے گئے اشاروں کے سامنے ایسے الفاظ لکھیے جن کے درمیان میں 'ڑ' آتی ہو۔

۱۔ سفر کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ________

۲۔ ہوا میں اڑتی ہے۔ ________

۳۔ 'لڑکے' کی ضد ہے۔ ________

لڑکی — گاڑی — چڑیا

دیے گئے اشاروں کی مدد سے ایسے الفاظ لکھیے جو 'ث' سے شروع ہوتے ہیں۔

۱) بہت سارے پھلوں کو کہتے ہیں۔ ________

۲) ٹوٹی ہوئی چیز کی ضد۔ ________

۳) دوسروں کی مدد کرنے پر ملتا ہے۔ ________

ثواب — ثمر — ثابت

Butterfly

صفت

وہ لفظ جو کسی اسم کے متعلق بتائے کہ وہ کیسا ہے 'صفت' کہلاتا ہے۔مثلاً۔محنتی مکھی ، شریر بندر وغیرہ۔

مددگار الفاظ کی مدد سے دیے گئے جملوں میں مناسب صفت لکھیے ۔ایک مثال دی جا رہی ہے ۔

میری امی مزیدار کھانا پکاتی ہیں ۔

۱ باغ میں ________ خرگوش کھیل رہے ہیں ۔

۲ شیر ایک ________ جانور ہے ۔

۳ یہ درخت بہت ________ ہے ۔

۴ مجھے ________ رنگ پسند ہے ۔

۵ جون میں موسم ________ ہوتا ہے ۔

بہادر
اونچا
گرم
تین
مزیدار
لال

تصویر دیکھ کر دیے گئے الفاظ میں سے دو مناسب صفات کے گرد دائرہ بنایے ۔ایک مثال دی جا رہی ہے ۔



گرم (ٹھنڈی) (مزیدار) | گرم تھوڑا زیادہ | چھوٹا دبلا موٹا

Butterfly

پیلا میٹھا کھٹا

معصوم شریر سفید

اونچے دو چھوٹے

تخلیقی لکھائی

۴ جولائی ۲۰۱۱

آج کا دن بہت خاص ہے۔ یہ میری سالگرہ کا دن ہے۔
صبح سے بارش ہو رہی تھی اور مجھے غصہ آ رہا تھا۔ بارش کی وجہ سے میری سہیلیاں نہیں آ رہی تھیں۔ امی نے مجھے اداس دیکھا تو کہا، ''کوئی بات نہیں ہم خود ہی کہیں گھومنے چلتے ہیں۔'' سب خوش ہو گئے۔

دوپہر کو سب نے مزیدار بریانی کھائی اور ابو کے ساتھ بڑے پارک چلے گئے۔
بارش رک گئی تھی اور موسم بہت اچھا تھا۔
ہم سب نے خوب کھیل کھیلے۔
پکڑم پکڑائی، چور سپاہی اور فٹ بال۔

Butterfly

شام کو میں نے کیک کاٹا پھر ہم مختلف جھولوں پر گئے بہت مزہ آیا۔
رات آٹھ بجے گھر واپس آئے میں بہت تھک گئی تھی
اور خوش بھی تھی۔ میں نے امی ابو کا شکریہ ادا کیا۔
اب ڈائری لکھ کر میں سو جاؤں گی۔

اوپر دیے گئے پیراگراف کے واقعات صحیح اوقات کے مطابق خوشخط لکھیے۔

۷ جولائی ۲۰۱۱

صبح: صبح سے بارش ہو رہی تھی اور مجھے

دوپہر:

شام:

رات:

Butterfly

شیرو اور میں

آج تو ہمارے شیرو نے حد ہی کر دی۔ چوٹی پر پہنچ کر یاد آیا کہ اسے درخت پر چڑھنا تو آتا ہے اترنا نہیں۔ شاخ ہوا سے جھولی تو ڈر گیا۔ اتنی اونچائی سے نیچے دیکھا تو لگا میاؤں میاؤں کرنے۔ مسئلہ اب اترنے کا تھا۔ فیصلہ ہوا کہ میں چڑھوں۔ ابو نے پہلے شاخ پر بٹھایا ساتھ میں کہہ بھی دیا کہ اب نیچے نہ دیکھنا ورنہ ڈر لگے گا۔ میں دیکھ بھال کر ٹانگ جماتا، ہاتھ ڈالتا کوئی پندرہ منٹ میں شیرو تک پہنچا۔

Butterfly

میں نے کسی کو نہیں بتایا، صرف تمہیں بتا رہا ہوں شیرو کو پکڑ کر جو نیچے دیکھا تو جان ہی نکل گئی۔ بہت ڈر لگا۔ لیکن سب لوگ مجھے دیکھ رہے تھے، اس لیے فوراً بہادر بن گیا۔ ایک ہاتھ میں شیرو کو تھامے میں نیچے اتر رہا تھا کہ اچانک پاؤں پھسل گیا، میں ایک ہاتھ پر جھول گیا۔ لیکن میں نے شیرو کو چھوڑا نہ درخت کو۔ ہاتھ میں درد تو ہوا مگر پرواہ نہ کی۔ دوبارہ پیر جمائے اور دھیرے دھیرے نیچے اتر آیا۔

سب نے بہت شاباشی دی، سوائے شیرو کے، وہ اپنے پیالے سے دودھ پینے لگا۔ اس وقت رات کے نو بج رہے ہیں، ہاتھ میں ابھی تک درد ہے، لیکن پھر بھی لکھ رہا ہوں۔ یہ سب تمھیں بتائے بغیر نیند تھوڑی آنی تھی۔

احمد

تفہیم

ڈائری پڑھیے اور سوالات کے جوابات لکھیے۔

ا۔ شیرو کون تھا؟

۲۔ یہ بات ہمیں کیسے معلوم ہوئی؟

۳۔ ابو نے احمد کو نیچے دیکھنے سے منع کرتے ہوے کیا کیا؟

۴۔ احمد نے ڈائری کو کیا خاص بات بتائی؟

۵۔ احمد کے ہاتھ میں درد کی کیا وجہ تھی؟

ڈائری کے واقعات کو ترتیب سے نمبر دیجیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

- نیچے اترنے پر سب نے شاباشی دی سوائے شیرو کے ☐
- شیرو درخت پر چڑھ گیا۔ اسے اترنا نہیں آتا تھا۔ 1
- شیرو نیچے اترتے ہی دودھ پینے لگا۔ ☐
- ابو نے احمد کو شاخ پر بٹھا دیا۔ ☐
- احمد شیرو کو لے کر نیچے اتر رہا تھا کہ پاؤں پھسل گیا۔ ☐

Butterfly

الفاظ سازی

’ی‘ اور ’ے‘ کی آواز کو پہچانیے

’ی‘ اور ’ے‘ اگر لفظ کے آخر میں آئیں تو آسانی سے پہچان لیے جاتے ہیں۔ اگر درمیان میں ہوں تو صحیح آواز مشکل ہو جاتی ہے۔ (ـے) کا نشان ہی اس آواز کی پہچان ہے۔

اپنی کاپی میں دو کالم بنایے اور ہر فہرست کے چار الفاظ کو الگ الگ لکھیے۔
ایک مثال دی جا رہی ہے۔

ک ی ن و — کینو

ج ے ب — جیب

ی

کینو	تیر
چیکو	تین
جیپ	نیلی

ے

جیب	شیر
میرا	کیک
سیب	میز

گرامر

مذکر مونث

جس طرح انسانوں کے مذکر مونث ہوتے ہیں۔ اسی طرح جانوروں کے بھی مذکر مونث ہوتے ہیں۔ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ بعض پرندوں کے مذکر مونث الّو، بلبل، چیل ایک ہی ہوتے ہیں مثلاً فاختہ، باز۔ چند جانوروں کے بھی مذکر مونث مچھلی، چیتا، بھالو وغیرہ ایک ہی ہوتے ہیں۔

Butterfly

نیچے دیے گئے مذکر کو صحیح مونث سے ملائیں۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

- اونٹ
- بکرا
- کبوتر
- ہاتھی
- گھوڑا
- بندر

- کبوتری
- ہتھنی
- گھوڑی
- بکری
- اونٹنی
- بندریا

دی گئی خالی جگہ میں صحیح مذکر یا مونث لکھیے۔



مذکر	مونث
چڑا	______
______	مرغی
مچھلی	______
بھالو	______
______	بلی
ہرن	______

تخلیقی لکھائی

احمد نے شیرو کی مدد کی اور اسے درخت سے اتار لیا۔ اسی طرح سب ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔
اپنی کاپی میں ایک ایسے دن کی ڈائری لکھیے جب آپ نے کسی کی مدد کی ہو یا کسی نے آپ کی۔

Butterfly

ٹپ ٹپ ٹپ

ٹپ ٹپ ٹپ ۔۔۔۔

فہد اپنے کمرے میں بیٹھا کہانی پڑھ
رہا تھا کہیں سے آواز آئی۔

ٹپ ٹپ ٹپ ۔۔۔۔

اس نے اِدھر اُدھر دیکھا،
پانی غسل خانے کے دروازے سے
ٹپک رہا تھا۔

Butterfly

وہ دروازے کے قریب گیا۔ اس نے
اندر جھانکا۔ وہ حیران رہ گیا۔ غسل
خانے میں پانی ہی پانی تھا۔ ایک
بڑی سی مچھلی اس میں تیر رہی ہے۔

''اندر آؤ،'' اس نے فہد کو بلایا۔ فہد
نے آہستہ سے دروازہ کھولا۔ ایک
ڈولفن نے اُسے اندر کھینچا۔ اب فہد
بھی پانی میں تھا۔

Butterfly

وہ حیران تھا۔ وہ پانی
میں سانس لے سکتا تھا،
مچھلی کی طرح تیر سکتا تھا۔
''السّلامُ وعلیکم،'' ڈولفن نے کہا۔
''وعلیکم السّلام،'' فہد نے جواب دیا۔
''کیا تم مجھ پر سواری کروگے؟''
اس نے پوچھا۔
''جی ہاں،'' فہد بولا۔

''تو چلو بیٹھو مجھ پر۔''
ڈولفن بولی۔ فہد کے
بیٹھتے ہی زوم کر کے وہ غسل خانے کی
کھڑکی سے نکل گئی۔ فہد ڈر گیا۔

Butterfly

اب یہ لوگ سمندر میں تھے۔ ڈولفن
نے اس کو خوب گھمایا۔ وہاں ہر طرح
کی مچھلیاں تھیں۔
چھوٹی مچھلیاں، بڑی مچھلیاں، پیلی
مچھلیاں، نیلی مچھلیاں۔
فہد بہت خوش ہوا۔

فہد نے ایک بڑے جہاز کو اپنے اوپر سے جاتے
ہوئے دیکھا۔ اُس نے لوگوں کو کہتے سنا،
''وہ دیکھو! ایک بچہ
مچھلی پر بیٹھا ہے۔''

Butterfly

ڈولفن اس کو اوکٹوپس کے
غار کے پاس لے گئی۔ اس
نے ایک کے بعد ایک
اپنے آٹھوں ہاتھ فہد
سے ملائے۔
وہاں چھوٹی مچھلیوں کا اسکول بھی تھا۔
انھوں نے فہد کو گدگدی کی، وہ ہنسنے لگا۔

''مجھے دیر ہو رہی ہے چلو گھر چلیں،''
فہد نے ڈولفن سے کہا۔ ڈولفن فہد کو
واپس غسل خانے میں لے آئی۔
فہد باہر آیا۔
''نہانے میں اتنی دیر کیوں
لگ گئی،'' امی نے پوچھا۔
''آج پانی میں بہت مزہ آیا
امی!'' فہد نے جواب دیا۔

Butterfly

تفہیم

سبق پڑھیے اور دیے گئے جملے مکمل کیجیے۔

۱۔ فہد نے غسل خانے میں جھانکا تو حیران رہ گیا کیونکہ ____________

۲۔ فہد غسل خانے کے اندر پانی میں حیران تھا کیونکہ ____________

۳۔ فہد ڈر گیا کیونکہ ____________

۴۔ فہد خوش ہوا کیونکہ ____________

۵۔ فہد ہنسنے لگا کیونکہ ____________

کاپی میں دو کالم بنائیے پہلے کالم میں ڈولفن اور آکٹوپس کی ایک جیسی خصوصیات لکھیے اور دوسرے کالم میں مختلف خصوصیات لکھیے۔

- ڈولفن سمندری جانور ہے۔
- اس کا تعلق وہیل کے خاندان سے ہے۔
- دنیا میں ہر جگہ پائی جاتی ہے، خاص طور پر گہرے سمندر میں۔

- آکٹوپس سمندری جانور ہے۔
- اس کے آٹھ ہاتھ ہوتے ہیں۔
- ذہین جانوروں میں سے ایک ہے۔

Butterfly

- دنیا کے ذہین ترین جانوروں میں ڈولفن کا شمار ہوتا ہے۔
- چھوٹی مچھلیاں شوق سے کھاتی ہے۔
- اپنے دوستانہ رویے کی وجہ سے۔
- تیرتے ہوئے اپنے بازو پیچھے رکھتا ہے۔
- دنیا میں آکٹوپس کی 300 سے زیادہ اقسام ہیں۔
- خوراک میں مچھلیاں پسند ہیں۔

الفاظ سازی

وقفہ

جب جملے میں تین یا تین سے زیادہ نام ہوں ان کے درمیان 'وقفہ' لگتا ہے اور آخری دو ناموں کے درمیان 'اور' لگتا ہے۔

- احمد، انور اور علی اچھے دوست ہیں۔
- مجھے آم، سیب اور انگور پسند ہیں۔
- میری بہن کو نیلے، گلابی اور سفید کپڑے پسند ہیں۔

دیے گئے جملوں میں صحیح جگہ وقفے کا نشان لگایئے

- بھائی مری سوات اور پشاور
- مجھے کھیر حلوہ اور کسٹرڈ اچھا
- تم امرود سیب اور کیلے لے آ

Butterfly

فعل

صبح سے شام تک ہم کوئی نہ کوئی کام کرتے ہیں۔ بھاگنا، دوڑنا، اچھلنا، رونا یہ سب کام فعل کہلاتے ہیں۔

دی گئی تصاویر کے نیچے لکھیے کیا کام ہو رہا ہے۔ فعل کی فہرست سے مدد لیجیے۔

پڑھنا رونا سونا اڑنا جھولنا



دیے گئے جملوں میں فعل کے نیچے نشان لگایئے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

- احمد باہر گیا۔
- ثناء نے آئس کریم کھائی۔
- سارہ کتاب پڑھ رہی ہے۔
- امی نے روٹی پکائی۔
- میری سالگرہ کا کیک ابو لائیں گے۔

Butterfly

دی گئی فہرست میں سے پانچ فعل کے گرد دائرہ بنائیے جو آپ شوق سے کرتے ہیں۔

- کرکٹ کھیلنا
- جھولا جھولنا
- پڑھائی کرنا
- گڑیا سے کھیلنا
- دوستوں/سہیلیوں سے باتیں کرنا
- کہانیاں سننا
- نظمیں یاد کرنا
- تصویر بنانا
- رنگ بھرنا
- ہوم ورک کرنا

جب ہمیں کسی چیز کی تفصیلی معلومات دینی ہوں تو ہم مضمون لکھتے ہیں۔

دیے گئے طریقے کے مطابق اپنے ساتھیوں سے بات کیجیے اور 'میرا پسندیدہ تحفہ' پر مضمون لکھیے۔



میرا پسندیدہ تحفہ

- کیا ہے؟
- ظاہری شکل
- کس نے دیا؟
- کیوں پسند ہے؟
  - خوبیاں
  - سب سے خاص بات
- کب ملا؟
- کس کام آتا ہے؟

Butterfly